NYC Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

عزیزی اہلِ خانہ،

نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں ہمارے بچوں کو تندرست اور محفوظ رکھنا ہماری اولین ترجیح۔ چھ سال یا اس سے کم عمر بچوں کا سیسے سامنا ہونے سے بچاؤ کرنے کے لیے ڈویژن برائے اسکول کی سہولیات کلاس رومز میں اکھڑے ہوئے پینٹ کی جانچ معمول میں کرتا ہے۔ کیونکہ سیسے پر مبنی اکھڑنے والا پینٹ (جو کہ اسکول کی پرانی عمارتوں میں موجود ہو سکتا ہے) سیسے سے سامنا ہونے کا ایک خطرہ ہے، خاص طور پر چھ سال سے کم عمر بچوں کے لیے۔ ہم نے سامنا ہونے والے کسی بھی امکان کی فوری طور پر اصلاح کو یقینی بنانے کی کوششوں میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔

شعبہ برائے اسکولی سہولیات نے اکھڑے ہوئے یا ناقص پینٹ کی نشاندہی کرنے کے لیے تمام اسکول عمارتوں کے معائنے کیے تھے جو 6 سال سے کم عمر کے بچوں کو خدمات فراہم کرتی ہیں۔ کسی بھی نشاندہی کردہ اکھڑے ہوئے یا ناقص پینٹ اسکول کے پہلے دن سے قبل ایک سخت گیر اصلاحی طریقے کے ذریع مرمت کیے جانے کے مراحل میں ہے۔ آپ معائنوں کے نتائج کو آن لائن www.schools.nyc.gov/about-us/reports/lead-based-paint پر دیکھ سکتے ہیں۔

3 سال سے کم عمر کے بچے سیسے سے صحتیاتی خطرے سے زیادہ اثرپذیر اور زدپذیر ہوتے ہیں اور 6 سال سے کم عمر کے بچوں کو بڑی عمر کے بچوں کے مقابلے میں زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔ یہ تعین کرنے کے لیے خون میں سیسے کی جانچ مناسب رہے گی اپنے بچے کے طبی پس منظر کے بارے میں ان کے ڈاکٹر کے ساتھ بات کریں۔ محفوظ مفت جانچ کے لیے یا ایک ڈاکٹر کو تلاش کرنے کے لیے 311 سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو ہماری ویب سائٹ www.schools.nyc.gov/about-us/reports/lead-based-paint پر جائیں۔

بخلوص،

دفتر برائے چیف آپریٹینگ آفیسر

سیسے سے سامنا ہونے کے بارے میں اضافی معلومات

سیسے کے صحت پر کیا اثرات ہیں؟

سیسہ ایک دھات ہے جو بچوں اور بالغان کو نقصان پہنچاتا ہے جب یہ انکے جسم میں داخل ہو جائے۔ سیسہ ایک جانا پہچانا نیوروٹوکسن ہے، 6 سال سے کم عمر بچوں کے افزوں پذیر دماغ اور اعصابی نظام کے لیے خاص طور پر نقصان دہ ہے۔ سیسا ایک نوعمر بچے کی نشو ونما، طرزِ عمل اور سیکھنے کی صلاحیت کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ حمل کے دوران سیسے کا سامنا ہونا نوزائیدہ بچوں میں پیدائش کے وقت کم وزن اور نشوونما میں تاخیر کا سبب بن سکتا ہے۔ فضا میں سیسے کا سامنا ہونے کے بہت سے ذرائع ہیں، اور یہ اہم ہے کہ جتنا ممکن ہوسکے سیسے کے سامنا ہونے کے ذرائع میں کمی کی جائے۔ پانی کی جانچ سیسے کی نشاندہی اور ممکنہ ذریع کو درست کرنے میں مدد دیتی ہے جو پینے کے پانی میں سیسے کے خطرے کا سبب ہوتا ہے۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

سیسے کا سامنا ہونے کے اور کیا ذرائع ہیں؟
سیسا ایک دھات ہے جو صدیوں سے مختلف مقاصد کے لیے استعمال ہورہی ہے، اور اسکا نتیجہ فضا میں اس کا وسیع پھیلاو ہے۔ سیسے کا سامنا ہونے کے بڑے ذرائع میں پرانے گھروں میں سیسے والے پینٹ، اور وہ سیسہ ہے جو دہائیوں سے سیسے کے گیسولین، پینٹ اور صنعتوں میں تاریخی استعمال کے باعث ریت اور مٹی میں جمع ہوا ہے۔ سیسا استعمال ہونے والی متعدد مصنوعات میں بھی پایا جاسکتا ہے، بشمول کئی قسم کے ظروف، پیوٹر، براس کی تنصیبات، کھانے، پلمبنگ کے سامان اور آرائش کے سامان کے۔ قدرتی پانی کی فراہمی میں سیسے کی مقدار شاذ و نادر پائی جاتی ہے لیکن پینے کا پانی سیسے کا ممکنہ ذریعہ بن سکتا ہے اگر عمارت کے پائپوں میں سیسہ موجود ہو۔ خون میں سیسے کی زیادہ مقدار والے زیادہ تر بچوں میں سیسے کا ذریعہ سیسے والا پینٹ ہوتا ہے۔

کس کو سیسے کے زہریلے پن کا خطرہ ہوسکتا ہے؟
3 سال سے کم عمر کے بچے سیسے سے صحتیاتی خطرے سے زیادہ اثرپذیر اور زدپذیر ہوتے ہیں۔ سیسا شکم میں نشو ونما پانے والے بچے کے لیے بھی خطرہ پیدا کرتا ہے۔ سیسے کا سامنا ہونا ایک بچے کی نشو ونما اور فروغ میں بھی خلل ڈال سکتا ہے۔

ہم نیویارک شہر میں بچوں کی سیسے سے زہریلے پن کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟
نیویارک شہر میں بچوں میں سیسے سے زہریلے پن کی شرح کم ہورہی ہے۔ 2015 میں نیویارک شہر کے 6 سال سے کم عمر کے 5,371 بچوں کے خون میں سیسے کی سطح 5 mcg/dL یا اس سے زیادہ پائی گئی تھی۔ یہ 2014 سے 18% کمی کا مظاہرہ کرتی ہے جب 6,550 بچوں کے خون میں سیسے کی سطح 5 mcg/dL یا زیادہ تھی، اور 2005 سے 86% کی کمی جب 37,344 بچوں کے خون میں سیسے کی سطح 5 mcg/dL 5 یا زیادہ تھی۔

اضافی وسائل

جانچ کے پروگرام یا نمونے کے نتائج کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ذیل پر جائیں:
www.schools.nyc.gov/about-us/reports/lead-based-paint

سیسے کے بارے میں معلومات کے لیے ذیل پر جائیں:
https://www1.nyc.gov/site/doh/health/health-topics/lead-poisoning-prevention.page

نیویارک ریاست محکمہ صحت سیسے کے زہریلے پن سے بچاؤ کے بارے میں معلومات کے لیے، ذیل پر جائیں:
http://www.health.ny.gov/environmental/lead/

خون میں سیسے کی جانچ اور اپنے بچے کی سیسے کا سامنا ہونے کے خطرے کو کم کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، "What Your Child's Blood Lead Test Means" ملاحظہ کریں۔
http://www.health.ny.gov/publications/2526/ (دس زبانوں میں دستیاب ہے)۔